روزنامہ
ٹیلی فون نمبر: 213029
C.P.L 29

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web:http://www.alfazal.com

Email:editor@alfazal.com

بدھ 11 مئی 2005ء 2 ربیع الثانی 1426 ہجری 11 ہجرت 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 103

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا
خطبہ جمعہ تنزانیہ سے براہ راست

13 مئی 2005ء کو حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ ایم ٹی اے پر پاکستانی وقت کے مطابق 3:00 بجے دوپہر (صرف آڈیو) تنزانیہ سے براہ راست نشر کیا جائے گا۔ احباب نوٹ فرمالیں۔

(3)

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ کینیا

جلسہ سالانہ کینیا سے اختتامی خطاب۔ دو بیوت الذکر کا سنگ بنیاد اور جماعت ایلڈوریٹ کی طرف سے استقبالیہ

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب

29 اپریل 2005ء

نماز فجر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت الذکر نیروبی میں پڑھائی۔

29 اپریل کا دن جلسہ سالانہ کینیا کا دوسرا اور آخری دن تھا۔ رات بھر بارش ہونے کی وجہ سے جلسہ گاہ جو سکول کے ایک کھلے ایریا میں تھی، وہاں بارش کا پانی آجانے کی وجہ سے انتظامات متاثر ہوئے اور بعض جگہوں پر پانی کھڑا ہوگیا۔ شامیانوں سے پانی ٹپکنے لگا جلسہ میں شامل ہونے والے سات ہزار سے زائد احباب جماعت میں سے ایک بہت بڑی تعداد نے انتہائی صبر اور حوصلہ کے ساتھ ساری رات جاگ کر گزاری۔

حضور انور کی آمد سے ان کو جو خوشی، تسکین اور طمانیت قلب نصیب ہوئی تھی۔ یہ ساری تکلیف اور پریشانی اس میں دب کر رہ گئی۔ ہر ایک کے چہرہ پر خوشی و مسرت نمایاں تھی اور کسی ایک کے لب پر بھی اس تکلیف اور پریشانی کے اظہار کے لئے کوئی لفظ نہ آیا۔ ہر ایک اللہ کا شکر ادا کرتے ہوئے اپنے رب کے حضور سجدہ ریز تھا کہ آج انہیں ان کے پیارے آقا کا دیدار نصیب ہوا ہے۔

خطبہ جمعہ کے ساتھ جلسہ سالانہ کینیا کا اختتام ہونا تھا۔ حضور انور ایدہ اللہ کی ہدایت پر جلسہ کا یہ آخری پروگرام جلسہ گاہ سے احمدیہ مشن ہاؤس نیروبی منتقل کیا گیا۔ جہاں چند گھنٹوں کے اندر اندر مشن کے کھلے احاطہ میں شامیانے لگائے گئے۔

MTA کی Live نشریات کا انتظام بھی متعلقہ کمپنی نے صبح سے آکر کرنا شروع کر دیا۔ پہلے یہ سسٹم جلسہ گاہ میں تھا اب نئے سرے سے سارا انتظام کرنا پڑا۔ الحمد للہ کہ سارے انتظامات انتہائی کم وقت اور عمدہ رنگ میں پایہ تکمیل کو پہنچے۔ جلسہ گاہ سے احباب جماعت قافلہ در قافلہ مشن ہاؤس پہنچے اور ساڑھے بارہ بجے تک مشن ہاؤس کے تمام ہال، بیت الذکر، صحن اور پارکنگ ایریا احباب جماعت سے بھر چکے تھے۔ اور یوں سات ہزار سے زائد احباب نے مشن ہاؤس کے کمپلکس میں مختلف مقامات پر نماز جمعہ ادا کی۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ایک بجے خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔ یہ پہلا خطبہ جمعہ تھا جو کینیا کی سرزمین سے MTA کے ذریعہ دنیا بھر میں Live نشر ہوا۔ (خطبہ جمعہ کا خلاصہ 3 مئی کے الفضل میں شائع کیا جا چکا ہے)

خطبہ کے آخر پر حضور انور نے مکرم مولانا محمد احمد جلیل صاحب اور صاحبزادہ مرزا ادریس احمد صاحب کی وفات کا ذکر کرتے ہوئے ان دونوں مرحومین کا ذکر خیر فرمایا اور نماز جمعہ اور نماز عصر کی ادائیگی کے بعد مرحومین کی نماز جنازہ غائب پڑھائی۔

پونے پانچ بجے جب حضور انور فیملی ملاقاتوں کے لئے اپنے دفتر تشریف لائے تو مشن کے احاطہ میں کثیر تعداد میں موجود لوگوں نے نعرہ ہائے تکبیر بلند کئے۔ حضور انور ان احباب کی طرف تشریف لے گئے۔ احباب بڑے جوش اور ولولہ سے نعرے لگاتے رہے اور اپنے پیارے آقا کا دیدار کرتے رہے اور آقا اپنے غلاموں پر محبت اور پیار اور شفقت بھری نظریں ڈالتے رہے۔ یہ بڑا ایمان افروز نظارہ تھا۔

اس کے بعد حضور انور نے دفتر میں تشریف لا کر ڈاک ملاحظہ فرمائی اور پھر فیملی ملاقاتیں شروع ہوئیں۔ آج ملاقات کرنے والوں میں زمبابوے بوٹسوانہ اور ساؤتھ افریقہ سے آنے والے وفود شامل تھے۔ ان وفود کے علاوہ کینیا کی 16 فیملیز نے حضور انور سے شرف ملاقات حاصل کیا۔ جب احباب ملاقات کر کے باہر نکلتے تو ان کے چہرے خوشی و مسرت سے تمتما رہے ہوتے۔ ان کی خوشی کا کوئی ٹھکانا نہ تھا۔ خوشی سے ایک دوسرے کو ملتے اور گلے لگاتے۔

ملاقاتوں کے بعد ساڑھے سات بجے حضور انور نے بیوت الذکر احمدیہ نیروبی میں نماز مغرب وعشاء جمع کر کے پڑھائیں۔ اس کے بعد حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

30 اپریل 2005ء

نماز فجر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت الذکر نیروبی میں پڑھائی۔

پروگرام کے مطابق آج نواشہ Naivasaha نکورو اور ایلڈوریٹ کے لئے روانگی تھی۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز صبح نو بجے اپنی رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے اور دعا کروائی۔ اس کے بعد نواشہ کے لئے روانگی ہوئی۔ پولیس کی گاڑی نے قافلہ کو Escort کیا۔

دس بجکر بیس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نواشہ پہنچے۔ جہاں بیت الذکر کے سنگ بنیاد کی تقریب تھی۔ پولیس پہلے سے ہی مختلف راستوں پر کھڑی تھی اور ساتھ ساتھ راستہ کلیئر کرتی تھی۔

بیت الذکر کے سنگ بنیاد کی تقریب کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ جس کے بعد حضور انور نے احمدیہ بیت الذکر نواشہ کا سنگ بنیاد رکھا۔ حضور انور کے بعد حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا نے اینٹ رکھی اس کے بعد امیر صاحب کینیا، وکیل التبشیر، وکیل المال، پرائیویٹ سیکرٹری صاحب، مقامی مربی سلسلہ اور صدر جماعت نواشہ، صدر لجنہ اماء اللہ کینیا اور صدر مجلس خدام الاحمدیہ کینیا نے اینٹیں رکھیں۔ ایک وقف نو بچی عزیزہ سطوت صاحبہ بنت مکرم مرزا غلام قادر صاحب شہید نے بھی اینٹ رکھنے کی سعادت حاصل کی۔

اس بیت الذکر کی تعمیر کا خرچ مکرم نثار بٹ صاحب آف لندن یو کے ادا کر رہے ہیں۔ مکرم نثار بٹ صاحب بھی اس موقع پر موجود تھے۔ حضور انور کے ارشاد پر مکرم نثار بٹ صاحب نے بھی اینٹ رکھی۔

جس علاقہ میں یہ بیت الذکر تعمیر ہو رہی ہے وہاں قریب ہی Hopewell Secondary School ہے۔ اس سکول کے ہیڈ ماسٹر Mr.David.K بھی سنگ بنیاد کی اس تقریب کے موقع پر موجود تھے۔ حضور انور نے منتظمین کو ہدایت فرمائی کہ ہیڈ ماسٹر صاحب کو بلائیں اور وہ بھی ایک اچھے ہمسائے کی حیثیت سے بیت الذکر کی بنیاد میں اینٹ رکھیں۔ چنانچہ ہیڈ ماسٹر صاحب نے بھی اینٹ رکھی۔

آخر پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے دعا کروائی اور یہ تقریب اپنے اختتام کو پہنچی۔

دس بجکر پچاس منٹ پر یہاں سے ناکورو (Nakuru) کے لئے روانگی ہوئی راستہ میں ناکورو جھیل (Nakuru Lake) پر کچھ دیر رکنے کے بعد ناکورو شہر کے لئے روانہ ہوئے۔ یہاں بھی بیت الذکر کا سنگ بنیاد رکھنے کا پروگرام تھا۔ جب حضور انور یہاں پہنچے تو مقامی احباب نے نعرہ ہائے تکبیر بلند کرتے ہوئے حضور انور کو خوش آمدید کہا۔ حضور انور نے اس موقع پر آنے والے مہمانوں اور جماعتی عہدیداران کو شرف مصافحہ بخشا۔

بیت الذکر کے سنگ بنیاد کی تقریب کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے بنیادی اینٹ نصب فرمائی۔ حضور انور کے بعد حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا نے اینٹ رکھی۔ اس کے بعد علی الترتیب مکرم امیر صاحب کینیا، مرکزی عہدیداران، مربی سلسلہ ناکورو، صدر جماعت ناکورو صدر لجنہ اماء اللہ کینیا اور صدر خدام الاحمدیہ کینیا نے

(بقیہ صفحہ 1)

اینٹیں رکھنے کی سعادت حاصل کی۔ بچوں کی نمائندگی میں عزیزہ امینہ نے اینٹ رکھی۔

یہ قطعہ زمین جہاں بیت الذکر تعمیر ہونی ہے پانچ ایکڑ پر مشتمل ہے اور یہ جگہ بلند ٹیلے پر ہے اردگرد بہت خوبصورت مناظر ہیں اور Nakuru Lake سامنے نظر آتی ہے۔ یہ قطعہ زمین مکرم ظفراللہ خان صاحب نائب امیر کینیا نے اپنی والدہ محترمہ کی طرف سے پچاس ہزار پاؤنڈ کی قیمت میں خرید کر جماعت کو دیا ہے۔ اور ان کا خاندان اس بیت کی تعمیر کا خرچ بھی ادا کر رہا ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی ہدایت پر سنگ بنیاد کی اس تقریب میں آخری اینٹ ظفراللہ خان صاحب، ان کے بھائی اور والدہ اور ظفراللہ خان صاحب کی اہلیہ نے مل کر رکھی۔

سنگ بنیاد کی اس تقریب کے موقع پر Hon. Mirugi Kariuki Assistant Minister Office of The President بھی تشریف لائے ہوئے تھے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے منتظمین کو ہدایت فرمائی کہ منسٹر صاحب کو بلائیں وہ بھی اینٹ رکھیں۔ چنانچہ منسٹر صاحب نے بھی ایک اینٹ رکھی۔ اس موقع پر منسٹر صاحب نے باتوں میں کہا کہ احمدیہ جماعت جو خدمات Clinic کے ذریعہ کر رہی ہے۔ درخواست ہے کہ کلینک اگر نئی جگہ پر شفٹ ہو بھی جائے تو پرانی جگہ پر قائم رہے کیونکہ اس سے غریبوں کا بہت بھلا ہو رہا ہے۔ آخر پر حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے دعا کروائی۔ جس کے بعد حاضرین میں شیرینی تقسیم کی گئی۔

سنگ بنیاد کی اس تقریب میں اسسٹنٹ منسٹر کے علاوہ، ڈسٹرکٹ کمشنر اور ڈسٹرکٹ آفیسر بھی شامل ہوئے۔

نماز ظہر وعصر کی ادائیگی کا انتظام بھی اسی جگہ پر شامیانہ لگا کر کیا گیا تھا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ظہر وعصر کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔ مقامی جماعت نے دوپہر کے کھانے کا انتظام Nakuru Lake پر Sarova Hotels میں کیا ہوا تھا۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور اپنے وفد کے ہمراہ اس ہوٹل میں تشریف لے گئے۔

پروگرام کے مطابق یہاں سے سوا چار بجے آگے روانگی ہوئی چار بج کر پینتیس منٹ پر احمدیہ کلینک نکورو پہنچے۔ حضور انور نے کلینک کے مختلف حصوں کا معائنہ فرمایا۔ Nakuru میں مقیم مربی سلسلہ منصور احمد صاحب کا قیام اس کلینک سے ملحقہ مکان میں ہے۔ حضور انور کچھ وقت کیلئے ان کے گھر تشریف لے گئے۔

کلینک کے معائنہ سے فارغ ہو کر پونے پانچ بجے Eldorate کیلئے روانگی ہوئی۔ Nakuru سے Eldorate کا فاصلہ 140 کلومیٹر ہے۔ یہ سارا راستہ بہت خوبصورت مناظر پر مشتمل ہے۔ سڑک کے دونوں طرف سرسبز پہاڑ ہیں اور خوبصورت وادیاں ہیں۔ ہر منظر کے بعد ایک نیا منظر آجاتا ہے۔

ساڑھے سات بجے شام ایلڈوریٹ (Eldorate) آمد ہوئی۔ یہاں جماعت نے حضور انور اور وفد کے ممبران کے قیام کا انتظام Srikwa Hotel میں کیا ہوا تھا۔ ہوٹل میں کچھ دیر قیام کے بعد حضور انور احمدیہ بیت الذکر ایلڈوریٹ کے افتتاح کے لئے روانہ ہوئے۔ یہ بیت الذکر مین ہائی وے سے کچھ فاصلہ پر تعمیر کی گئی ہے اس کی تعمیر کا خرچ قریشی عبدالمنان صاحب مقیم نیروبی کے بیٹے نے اپنے نانا اور ان کی فیملی کی طرف سے ادا کیا ہے۔ بیت الذکر کی طرف جانے والے راستہ پر بینرز لگے ہوئے تھے اور خدام جگہ جگہ ڈیوٹیوں پر موجود تھے۔ پولیس قافلہ کو Escort کر رہی تھی۔ جب حضور انور بیت الذکر پہنچے تو احباب جماعت نے نعرہ ہائے تکبیر سے حضور انور کا استقبال کیا۔ اھلاً وسھلاً ومرحبا کی آوازیں ہر طرف سے آ رہی تھیں۔

حضور انور نے مغرب وعشاء کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں جس کے ساتھ اس بیت الذکر کا افتتاح عمل میں آیا۔

نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور نے اس علاقہ کے سب سے پہلے احمدی کے بارہ میں دریافت فرمایا۔ چنانچہ وہ آگے آ گئے حضور انور کے دریافت کرنے پر انہوں نے بتایا کہ انہوں نے 1994ء میں بیعت کی تھی اس کے بعد اللہ کے فضل سے اس علاقہ میں جماعت قائم ہوئی ہے۔

حضور انور نے یہاں متعین مقامی معلم کو ہدایت دی کہ نو احمدیوں کی تربیت کی طرف توجہ دیں۔ ان کو قرآن کریم پڑھائیں۔ دینی تعلیم دیں۔ نماز سکھائیں اور نماز پڑھنا بھی سکھائیں اور ان کی تربیت کریں۔

نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور واپس ہوٹل تشریف لے آئے۔ جماعت Eldorate نے اسی ہوٹل میں ایک Reception کا اہتمام کیا ہوا تھا۔ پچاس سے زائد مہمان اس تقریب میں شامل ہونے کے لئے تشریف لائے۔ جن میں میئر آف ایلڈوریٹ، ڈپٹی کمشنر اور سپرنٹنڈنٹ پولیس ایلڈوریٹ ریجن بھی شامل تھے۔

تقریب کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔

میئر نے حضور انور کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ میرا جماعت سے تعارف ایک سال پہلے ہوا تھا۔ جب آپ کے مربیان ہمارے علاقہ میں دعوت الی اللہ کیلئے آئے تو ایک میٹنگ میں مجھے جماعت کے بارہ میں علم ہوا تو اس وقت میں نے محسوس کیا کہ یہ جماعت دیگر طبقوں سے ایک الگ جماعت ہے کیونکہ یہ خلوص دل سے لوگوں کی خدمت کر رہی ہے۔ اس نے کہا کہ میرا علاقہ Langas ایریا کا ہے۔ یہ وہی علاقہ ہے جہاں آپ کی بیت الذکر ہے۔ لوگوں کو جماعت سے بہت توقعات ہیں کہ جماعت ان کیلئے تعلیمی اور خصوصاً طبی میدان میں مدد کر سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میری درخواست ہے کہ جماعت اس میدان میں ہماری مدد کرے۔

اس کے بعد ڈپٹی کمشنر نے حضور انور کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ ہمارا ایلڈوریٹ کا علاقہ سارے کینیا میں اناج وغیرہ پیدا کرنے کے لحاظ سے پہلے نمبر پر ہے۔ اس نے حضور انور کو مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ میں ڈپٹی کمشنر کی حیثیت سے آپ کو اس شہر اور اس ریجن میں خوش آمدید کہتا ہوں۔ اس نے مزید کہا کہ ہر مذہب کا ایک ہی مقصد ہے کہ انسانیت کی خدمت کریں۔ میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ آپ بھی انسانیت کی اس طرح خدمت کریں کہ اس خدمت میں سب برابر ہوں۔ آپ ہر ایک کی خدمت کریں۔

حضو انور نے اپنے مختصر خطاب میں ان سب کا شکریہ ادا کیا کہ آپ لوگوں نے ہمارا بڑا اچھا استقبال کیا ہے۔ حضور انور نے فرمایا کہ کچھ کہنے کا پروگرام نہ تھا۔ لیکن میئر اور ڈپٹی کمشنر نے مجبور کیا ہے کہ کچھ کہوں۔ حضور انور نے فرمایا کہ میں جماعت احمدیہ کا لیڈر ہونے کی حیثیت سے آپ سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ جس طرح آپ لوگوں نے کہا ہے کہ ہم پوری انسانیت کی خدمت کریں۔ جماعت کا پہلے سے ہی یہ طریق کار ہے کہ بلا تمیز مذہب وملت سب کی خدمت کرتی ہے اور جماعت کی اس خدمت میں کوئی تمیز نہیں ہے۔ ہر مذہب کے پیرو اپنے مذہب کی بنیادی تعلیم کو پکڑیں اور ایک خدا کی عبادت کریں تو خدا کا حق بھی ادا کریں گے اور بندوں کے حق بھی بلا امتیاز ادا کریں گے۔

بعد میں کھانے کے دوران بھی حضور انور میئر اور ڈپٹی کمشنر سے گفتگو فرماتے رہے اور اپنے غانا میں قیام کے دوران گندم اگانے کے بارہ میں بھی ان سے گفتگو فرمائی۔

یہ تقریب رات ساڑھے دس بجے ختم ہوئی۔

تیسرے سالانہ علمی مقابلہ جات

جامعہ احمدیہ جونیئر سیکشن

طلباء کی تعلیمی ترقی کو تقویت دینے کیلئے جامعہ احمدیہ جونیئر سیکشن ربوہ میں علمی وادبی پروگرام ترتیب دیئے جاتے ہیں اور مسابقت فی الخیرات کی روح کو پروان چڑھانے کیلئے مقابلہ جات کا انتظام کیا جاتا ہے۔ مجلس علمی جامعہ احمدیہ نے سال 2004/05ء کے علمی پروگراموں کا آغاز مورخہ 15 ستمبر 2004ء کو حمدیہ مجلس کے بابرکت پروگرام سے کیا۔ دوران سال طلباء کے درمیان 14 انفرادی اور 8 اجتماعی مقابلہ جات ہوئے اور مورخہ 27۔ اپریل 2005ء کو بخیر وخوبی اختتام کو پہنچے۔ انفرادی مقابلوں میں نظم، معلومات عامہ وذہانت (2 مقابلے) حسن قراءت، مقابلہ تقریر فی البدیہہ اردو، عربی، انگریزی، مضمون نویسی فی البدیہہ اردو، عربی، انگریزی، مقابلہ تقریر عربی، انگریزی، فارسی، اردو اور اسی طرح اجتماعی مقابلوں میں بیت بازی (2 مقابلے) کسوٹی بزبان انگریزی، مقابلہ جغرافیائی و تاریخی معلومات دینی معلومات، کوئز خطبات امام، کوئز مطالعہ کتب حضرت مسیح موعود اور مقابلہ حفظ ادعیہ شامل تھے۔

ان مقابلہ جات کی تیسری سالانہ تقریب تقسیم انعامات مورخہ 28۔ اپریل 2005ء کو شام ساڑھے پانچ بجے جامعہ کے نو تعمیر شدہ ہوسٹل کے ہال میں منعقد ہوئی۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی محترم چوہدری حمید اللہ صاحب وکیل اعلیٰ تحریک جدید تھے۔

تقریب کا آغاز تلاوت قرآن کریم اور نظم سے ہوا۔ بعدہ چار تقاریر یعنی اردو میں بعنوان خلافت کی برکات، فارسی میں بعنوان راست گوئی، انگریزی میں 20 ویں صدی کی عظیم شخصیت حضرت خلیفۃ المسیح الرابع اور عربی میں بعنوان الدعا، جامعہ کے چار طلباء نے پیش کیں۔ مجلس علمی کے نگران مکرم مقبول احمد ظفر صاحب نے سالانہ علمی مقابلہ جات کی رپورٹ پڑھ کر سنائی۔ جس میں انہوں نے ان مقابلہ جات کے انعقاد کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ دوران سال حمدیہ مجلس کے علاوہ ایک مجلس شعر وسخن بھی منعقد کی گئی جس میں اساتذہ اور طلباء نے معروف احمدی و غیر از جماعت شعراء کے منتخب کلام کو ترنم اور تحت اللفظ میں پیش کیا۔ علاوہ ازیں طلبہ کی ادبی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کیلئے ایک مجلس مشاعرہ کا بھی انعقاد کیا گیا جس میں طلبہ اور بعض اساتذہ نے اپنا کلام پیش کیا۔

یہ مقابلہ جات آٹھ ٹیوٹوریل گروپس: احمد، نور محمود، ناصر، طاہر، مسرور، شریف اور بشیر کے درمیان ہوئے۔ مہمان خصوصی نے پوزیشنز حاصل کرنے والے طلباء میں انعامات تقسیم کئے۔ انفرادی و اجتماعی مقابلہ جات میں حسن کارکردگی میں اول پوزیشن مکرم محمد جمال صاحب نے حاصل کی۔ اسی طرح حسن کارکردگی کے لحاظ سے احمد گروپ نے انعام حاصل کیا مہمان خصوصی نے اپنے خطاب میں حضرت مصلح موعود کے ارشاد کے حوالہ سے طلباء کو نصیحت کی کہ جو کچھ سنیں اسے ساتھ ساتھ لکھتے جایا کریں۔ اس طرح علم ذہنوں میں زیادہ گہرائی کے ساتھ بیٹھ جاتا ہے۔ اس خطاب کے بعد مکرم راجہ منیر احمد خان صاحب وائس پرنسپل جامعہ احمدیہ نے مہمانان کا شکریہ ادا کیا اور دعا کے ساتھ یہ تقریب اختتام کو پہنچی۔ بعدہ' مہمانان واساتذہ جامعہ کی خدمت میں ریفریشمنٹ پیش کی گئی۔

☆......☆......☆......☆

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

حضرت مسیح موعود کو اللہ تعالیٰ نے اس زمانے میں بھیجا ہے تا کہ دین حق کی خوبصورت تعلیم کو اصل شکل میں پھر دنیا کے سامنے پیش کیا جائے

احباب جماعت کو نمازوں کی پابندی، انفاق فی سبیل اللہ، اطاعت نظام، سچائی کو لازم پکڑنے، ہمدردی بنی نوع انسان اور خدمت خلق کے نظام کو مزید وسعت دینے کی طرف توجہ کی تاکیدی نصائح

احمدی بچے تعلیم کی طرف خاص توجہ دیں۔ باصلاحیت بچوں کی اعلیٰ تعلیم کی راہ میں مالی کمی کو جماعت پورا کرے گی۔ انشاء اللہ

بورکینا فاسو میں جماعت کے مختلف رفاہی کاموں کا تذکرہ

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا اختتامی خطاب 27/ مارچ 2004ء برموقع جلسہ سالانہ جماعت احمدیہ بورکینا فاسو

تشہد و تعوذ اور سورہ فاتحہ کی تلاوت کے بعد فرمایا:

آج ابھی میرے اس خطاب کے بعد بلکہ اس کے ساتھ ہی جماعت احمدیہ بورکینا فاسو کا 15واں جلسہ سالانہ انشاء اللہ اختتام کو پہنچے گا۔ ان جلسوں کا مقصد جیسا کہ میں نے پہلے بھی کہا تھا کہ دینی اور روحانی معیار کو بلند کرنا ہے۔ اور مختلف جگہوں کے لوگوں کے آپس میں مل بیٹھنے سے محبت اور بھائی چارے کی فضا کو پیدا کرنا اور بڑھانا ہے۔ سب سے پہلا مقصد روحانی معیار کو بڑھانے کے لئے یہ ہے کہ انسان ایک خدا کی عبادت کرے۔ اللہ تعالیٰ بھی یہی فرماتا ہے کہ میں نے جنوں اور انسانوں کو اس لئے پیدا کیا ہے تا کہ وہ میری عبادت کریں۔ اسی لئے انسانوں کو خدا کا بندہ بنانے کے لئے انبیاء مبعوث ہوتے رہے ہیں۔ اور اسی لئے کامل اور مکمل شریعت کی تعلیم دے کر اللہ تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کو مبعوث فرمایا تا کہ تمام دنیا کے انسانوں کو عبادالرحمٰن بنایا جائے اور اللہ تعالیٰ نے جو احکامات دیئے ہیں ان پر عمل کرنے والا بنایا جائے .... حضرت مسیح موعود کو اللہ تعالیٰ نے اس زمانے میں امام بنا کر بھیجا ہے تا کہ (۔) کی خوبصورت تعلیم کو اصل شکل میں پھر دنیا کے سامنے پیش کیا جائے۔ ایسے لوگوں کی مومنین کی جماعت پیدا کی جائے جو حقیقی معنوں میں عبادالرحمٰن ہوں۔ اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے والے بھی ہوں۔ ہر قسم کے شرک ظاہری اور چھپے ہوئے سے پرہیز کرنے والے بھی ہوں اور اللہ تعالیٰ کی مخلوق سے محبت اور ہمدردی کرنے والے بھی ہوں۔ پس یہ اللہ تعالیٰ کا فضل و احسان ہے کہ اس نے ہمیں .... اس جماعت میں شامل ہونے کی توفیق عطا فرمائی۔ پس یہ ہماری بہت بڑی ذمہ داری ہے کہ خالصتہً اللہ کے ہو کر اس کی عبادت کرنے والے بنیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں حکم دیتا ہے کہ پانچ وقت کی نمازیں ادا کرو تو پانچ وقت کی باقاعدہ نمازیں ادا کرنے والے بنیں۔ اور نہ صرف پانچ وقت نمازیں ادا کریں بلکہ (۔) میں جا کر باجماعت نمازوں میں اپنے شوق کو بھی بڑھائیں اور اپنے بچوں کو بھی نمازی بنائیں، اپنے آپ کو بھی اللہ تعالیٰ سے سچا تعلق پیدا کرنے والا بنائیں، اپنی عورتوں کو بھی اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے والا بنائیں۔ ہماری مصروفیات یا ہماری روایات کبھی اللہ تعالیٰ کی عبادت سے غافل کرنے والی نہ ہوں۔ یہ نہ ہو کہ ہماری ضروریات ہمیں اللہ سے غافل کر کے دوسروں کے آگے جھکانے والی بن جائیں۔ بعض دفعہ غیر محسوس طریق پر روایات یا ضروریات کے شرک میں انسان مبتلا ہو جاتا ہے اس لئے اس سے بچیں۔ جھوٹ بھی ایک قسم کا شرک ہے اس سے بھی بہت زیادہ بچنا چاہئے۔ کوئی بھی بات جس سے شبہ ہو کہ اس کا اور مطلب نکل سکتا ہے یا کئی مطلب نکل سکتے ہیں اس سے بچیں اور اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق ہمیشہ قول سدید سے کام لیں۔ پھر اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ **مومن کو اللہ کی راہ میں اس رزق سے جو اللہ تعالیٰ نے اسے عطا فرمایا ہے اس کی راہ میں خرچ بھی کرنا چاہئے اور خرچ کرنے کی عادت ہونی چاہئے۔** اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنا بھی ایمان میں زیادتی کا باعث بنتا ہے۔ اپنی حیثیت کے مطابق چاہے تھوڑا دیں لیکن دین کی راہ میں خرچ کرنے کی عادت ڈالیں۔ ہمیشہ یہ مدنظر رہے کہ ہم نے اللہ کی راہ میں کچھ نہ کچھ ضرور خرچ کرنا ہے۔ اس سے تزکیۂ نفس ہوتا ہے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے ایمان لانے والوں کو نماز کے بعد اس کی طرف خاص توجہ دلائی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیشہ ہر احمدی کے ایمان میں اضافہ کرتا چلا جائے اور کبھی ایسا نہ ہو کہ وہ خدا کے فرستادہ کو قبول کر کے اس کے حکموں پر عمل کرنے کا عہد کر کے پھر اس سے پیچھے ہٹنے والے ہوں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں ہمیشہ ایمان اور یقین میں بڑھاتا چلا جائے۔ لیکن یاد رکھیں کہ ایمان کی مضبوطی بھی اللہ تعالیٰ کے آگے جھکنے سے اور اس کا فضل مانگنے سے ہی حاصل ہوتی ہے۔ اس لئے اصل یہی ہے کہ ہمیشہ اللہ کے لئے خالص ہو کر عبادالرحمٰن بننے کی کوشش کرتے رہیں۔ پھر یاد رکھیں کہ کسی جماعت کی مضبوطی کے لئے ضروری ہے کہ اس میں شامل ہونے والے مکمل طور پر اس جماعت کے نظام کے پابند ہوں۔ اس لئے مومنوں کو حکم ہے کہ وہ ہمیشہ اطاعت گزار رہیں اور کبھی یہ نہ ہو کہ اپنی مرضی کے خلاف بات سنیں تو اعتراض پیدا ہو جائے۔

"حضرت عبادہ بن صامتؓ روایت کرتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کی بیعت اس امر پر کی کہ ہم پسند کی صورت میں اور ناپسند کی صورت میں بھی ان کا ارشاد سنیں گے اور اطاعت کریں گے"۔

(بخاری کتاب الاحکام۔ باب کیف یبایع الامام الناس)

تو آنحضرت ﷺ نے ایک اور جگہ اپنے مقرر کردہ امیر کے بارے میں بھی یہی حکم دیا ہے کہ سوائے اس کے کہ وہ خلاف شریعت حکم دے، اس کی اطاعت کرو۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے آپ لوگوں میں آپ کی قوم میں اطاعت کا مادہ بہت زیادہ ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اس وصف کو ہمیشہ قائم رکھنے کی بھی توفیق دیتا رہے اور کبھی کوئی شرپسند آپ لوگوں کے ایمان کو ضائع کرنے کا باعث نہ بنے۔

پھر بعض بنیادی اخلاق ہیں جن کا ایک مومن میں ہونا ضروری ہے۔ ان میں سے ایک سچائی کا خلق ہے۔ اس بارہ میں پہلے بھی میں آپ کو کچھ بتا آیا ہوں کہ مومن کی بات میں ہلکا سا شائبہ بھی غلط بیانی کا نہیں ہونا چاہئے۔

امام مالکؒ کہتے ہیں کہ مجھے یہ بات پہنچی کہ عبداللہ بن مسعودؓ کہا کرتے تھے کہ تمہیں سچائی اختیار کرنی چاہئے کیونکہ سچائی نیکی کی طرف راہنمائی کرتی ہے اور نیکی جنت کی طرف راہنمائی کرتی ہے۔ جھوٹ سے بچو کیونکہ جھوٹ نافرمانی کی طرف لے جاتا ہے اور نافرمانی جہنم تک پہنچا دیتی ہے۔

(مؤطا امام مالک۔ باب فی الصدق و الکذب)

تو یاد رکھیں کہ اگر سچ پر قائم رہے تو ذاتی طور پر بھی کامیابیاں حاصل کریں گے اور جماعتی طور پر بھی مضبوط سے مضبوط تر ہوتے چلے جائیں گے۔ اور ملکی سطح پر بھی آپ کا کردار ملک کو مضبوط کرنے والا ہوگا۔

پھر ایک بہت بڑا خلق جو ایک مومن میں ہونا چاہئے وہ اپنے بھائی سے ہمدردی اور ضرورت کے وقت اس کے کام آنا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی تمام مخلوق سے ہمدردی کا سلوک کرنا ہے۔ آنحضرت ﷺ تو جانوروں اور پرندوں سے بھی ہمدردی فرماتے تھے اور یہی ہم سے امید کی کہ اللہ کی کسی بھی مخلوق کو کبھی بھی تکلیف نہ دیں۔ یہاں تک فرمایا کہ جب جانور کو ذبح کرو تب بھی تیز چھری استعمال کرو تا کہ اس کو تکلیف نہ ہو۔ سامان اٹھانے والے جانوروں پر بوجھ بھی ان کی طاقت سے زیادہ نہ لادو۔ **تو انسان جو اشرف المخلوقات ہے اس سے ہمدردی کرنا اور اس کے کام آنا تو ایک بہت اہم فریضہ ہے اور الٰہی جماعتوں کو ماننے والے اس طرف خاص توجہ دیتے ہیں۔** اللہ کے بندوں سے ہمدردی کے بارہ میں ایک روایت میں آتا ہے۔

حضرت ابوہریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ: "اللہ عزوجل قیامت کے روز فرمائے گا کہ اے ابن آدم میں بیمار تھا تو نے میری عیادت نہیں کی۔ بندہ کہے گا اے میرے رب میں تیری عیادت کیسے کرتا جب کہ تو ساری دنیا کا پروردگار ہے۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا کیا تجھے پتہ نہیں چلا کہ میرا فلاں بندہ بیمار تھا۔ تو نے اس کی عیادت نہیں کی تھی۔ کیا تجھے معلوم نہ تھا کہ اگر تم اس کی عیادت کرتے تو مجھے اس کے پاس پاتے۔ پھر اللہ فرمائے گا اے ابن آدم میں نے تجھ سے کھانا طلب کیا تو تو نے مجھے کھانا نہیں دیا۔ اس پر ابن آدم کہے گا اے میرے رب میں تجھے کیسے کھانا کھلاتا جب کہ تو رب العالمین ہے۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا تجھے یاد نہیں کہ تجھ سے میرے فلاں بندے نے کھانا مانگا تھا تو تُو نے اسے کھانا نہیں

کھلایا تھا۔ کیا تجھے معلوم نہیں تھا کہ اگر تم اسے کھانا کھلاتے تو تم میرے حضور اس کا اجر پاتے۔ پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا اے ابن آدم میں نے تجھ سے پانی مانگا تھا مگر تو نے مجھے پانی نہیں پلایا تھا۔ ابن آدم کہے گا اے میرے رب میں تجھے کیسے پانی پلاتا جب کہ تو ہی سارے جہانوں کا رب ہے۔ اس پر اللہ تعالیٰ فرمائے گا تجھ سے میرے فلاں بندے نے پانی مانگا تھا مگر تم نے اسے پانی نہیں پلایا۔ اگر تم اس کو پانی پلاتے تو اس کا اجر میرے حضور پاتے۔''

(مسلم كتاب البرو الصلة باب فضل عيادة المريض)

اس بارے میں حضرت اقدس مسیح موعود فرماتے ہیں: ''سچے نیکوں کی یہ عادت ہوتی ہے کہ خدا کی رضا جوئی کے لئے اپنے قریبیوں کی اپنے مال سے مدد کرتے ہیں۔ نیز اس مال میں سے یتیموں کے تعہد اور ان کی پرورش اور تعلیم وغیرہ پر خرچ کرتے رہتے ہیں اور مسکینوں کو فقر و فاقہ سے بچاتے ہیں۔ اور مسافروں اور سوالیوں کی خدمت کرتے ہیں۔ اور ان مالوں کو غلاموں کو آزاد کرانے کے لئے اور قرضداروں کو سبکدوش کرنے کے لئے بھی دیتے ہیں''۔

(رپورٹ جلسہ اعظم مذاہب صفحہ 112)

پھر آپ ہمیں، احمدیوں کو نصیحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں: **''وہ ایسے قوم کے ہمدرد ہوں کہ غریبوں کی پناہ ہوجائیں، یتیموں کے لئے بطور باپوں کے بن جائیں اور (۔) کاموں کے انجام دینے کے لئے عاشق زار کی طرح فدا ہونے کو تیار ہوں اور تمام تر کوشش اس بات کے لئے کریں کہ عام برکات دنیا میں پھیلیں۔ اور محبت الٰہی اور ہمدردی بندگان خدا کا پاک چشمہ ہر ایک دل سے نکل کر ایک جگہ اکٹھا ہو اور پھر ایک دریا کی صورت میں بہتا ہوا نظر آئے''۔**

(ازالہ اوہام۔ روحانی خزائن جلد 3 صفحہ 460)

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول آنحضرت ﷺ اور حضرت مسیح موعود کے انہی احکامات اور ارشادات کی روشنی میں جماعت مخلوق خدا کی خدمت کرتی ہے۔ چند خدمات جو ان ملکوں میں جماعت ادا کر رہی ہے ان کا مختصراً ذکر کر دیتا ہوں تا کہ اللہ تعالیٰ کے فضلوں کا شکر بھی ادا کیا جائے اور اس میں مزید وسعت بھی پیدا کی جائے۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت کے ہر طبقہ میں خدمت خلق کا ایک فعال نظام مقرر ہے۔ تا کہ ہر عمر اور طبقہ کے لوگ خدمت خلق کر سکیں۔ عورتوں میں خدمت خلق کے لئے لجنہ اماء اللہ یعنی احمدی خواتین خدمت کے لئے کوشاں رہتی ہیں۔ نوجوانوں میں یہ احساس دلانے کے لئے خدمت خلق کتنا اہم کام ہے۔ خدام الاحمدیہ یہ کام سرانجام دیتی ہے۔ ایسے غریب ممالک جہاں ہر ایک انفرادی طور پر اتنی مالی وسعت نہیں رکھتا کہ وہ مالی مدد کر سکے وہاں اپنے کم وسائل سے ہر احمدی اس جذبے کے تحت کچھ نہ کچھ خدمت خلق کرتا رہتا ہے۔ کیونکہ میری یہ باتیں اس وقت دنیا کے دوسرے ممالک میں بھی احمدی سن رہے ہیں اس لئے اس طریقے سے میں انہیں بھی پیغام دیتا ہوں کہ مرکز سے رابطہ کر کے خدمت خلق کے نظام کو مزید وسعت دیں تا کہ افریقن ممالک میں اور زیادہ وسعت پیدا کی جائے۔ بہرحال جماعتی طور پر اس وقت بھی افریقہ کے بعض غریب ممالک میں تعلیم اور صحت کے میدانوں میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے بڑا اچھا کام ہو رہا ہے۔

تعلیم کے حوالے سے ہی میں یہاں بورکینا فاسو کے احمدی بچوں کو بھی یہ نصیحت کرنا چاہتا ہوں کہ تعلیم حاصل کرنے کی طرف خاص توجہ دیں۔ کیونکہ احمدی بچے کا تعلیمی معیار دوسروں سے بلند ہونا چاہئے۔ اور اگر آپ میں اتنا ٹیلنٹ (Talent) ہے کہ اعلیٰ تعلیم کے لئے ملک سے باہر جانا چاہیں اور اچھی یونیورسٹی میں داخلہ مل جاتا ہے تو مالی کمزوری کی وجہ سے انشاء اللہ تعالیٰ آپ کی تعلیم میں حرج نہیں آئے گا، جماعت انشاء اللہ اس کو پورا کرے گی۔ **پھر آجکل کمپیوٹر کی تعلیم بھی بڑی ضروری ہے۔ ہیومینیٹی فرسٹ کے ذریعہ سے یہاں کمپیوٹر سنٹر کھولے گئے ہیں جہاں سے سینکڑوں نوجوانوں نے فائدہ اٹھایا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کام کو اور آگے بڑھایا جائے گا اور مزید وسعت دی جائے گی جماعت کے نوجوان خاص طور پر اس سے فائدہ اٹھائیں** تا کہ نوجوانوں کے لئے روزگار کے مواقع پیدا ہوں۔ لیکن بعض دفعہ یہ کمپیوٹر غلط کاموں کے لئے بھی استعمال ہو جاتا ہے اس لئے احمدی ہمیشہ اس سے بچیں۔ احمدی کی سوچ ہمیشہ پاکیزہ رہنی چاہئے۔

صحت کے بارہ میں بھی میں نے بتایا تھا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت اس میدان میں بھی خدمت کر رہی ہے۔ افریقہ کے دوسرے ملکوں کی طرح یہاں بورکینا فاسو میں بھی جماعت یہ خدمت سرانجام دے رہی ہے۔ یہاں واگوڈوگو کے علاوہ آٹھ دوسرے ریجنز میں بھی جماعت کے ایلو پیتھک اور ہومیو پیتھک کلینک کام کر رہے ہیں۔ جہاں پر بغیر کسی مذہب کی تخصیص کے غرباء کا مفت علاج کیا جاتا ہے اور اب تک لاتعداد مریض اس سے فائدہ اٹھا چکے ہیں۔ پھر دنیا کی دوسری جماعتوں کی طرح خون کے عطیات بھی نوجوان دیتے ہیں۔ کسی مالی منفعت یا نام و نمود کے لئے نہیں دیتے ہیں بلکہ خالصتاً خدمت کے لئے دیتے ہیں۔ پھر جماعت صرف میڈیکل سنٹرز یا کلینکس میں کام نہیں کرتی بلکہ میڈیکل کیمپس بھی مختلف دور دراز علاقوں میں جا کر لگاتی ہے۔ اور دور دراز علاقوں میں ہزاروں مریضوں نے ان سے فائدہ اٹھایا ہے۔ پھر حدیث کے مطابق کہ اللہ کہے گا کہ میرے بندے نے پانی مانگا تم نے مجھے پانی نہیں پلایا اگر تم پانی پلاتے تو میرے سے اجر پاتے، جماعت افریقن ممالک میں پانی کے نلکے لگا کر جہاں پانی کی قلت ہے اس کمی کو بھی پورا کرنے کی کوشش کرتی ہے۔ یہاں پہلے بھی نلکے لگائے گئے ہیں اور انشاء اللہ تعالیٰ اس کام میں مزید وسعت بھی پیدا کی جائے گی۔ یہ چند مختصر خدمات تھیں جو میں نے ذکر کر دیں۔ تمام کا تو ذکر نہیں کیا جا سکتا۔

اس ملک کی ایک بہت بڑی خوبی یہ ہے، ایک امتیاز یہ ہے کہ یہاں MTA کے علاوہ ''ریڈیو (۔) احمدیہ'' کے نام سے ریڈیو اسٹیشن بھی چل رہا ہے۔ جو گو پورے ملک کو تو نہیں لیکن ایک کافی اچھی آبادی والے علاقے کو کور (Cover) کر رہا ہے جسے لاکھوں لوگ سنتے ہیں۔ تو اب جہاں وہ ریڈیو اسٹیشن ہے ''بوبو جلاسو'' کا نعرے میں نام بھی لے دیا ہے۔ اور اس کی نشریات اب سترہ گھنٹے تک ہوتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ یہاں کے لوگوں کو اس کے ذریعہ سے نور ایمان میں بڑھاتا چلا جائے۔ اور جنہوں نے ابھی تک اس زمانے کے امام کو نہیں پہچانا وہ بھی اس کو پہچاننے والے ہوں۔

اب چند الفاظ میں عورتوں کے لئے کہنا چاہتا ہوں کیونکہ یہاں علیحدہ ان کو کچھ کہنے کا موقعہ نہیں مل سکا۔ عورتیں یاد رکھیں کہ ان کا (۔) معاشرے میں ایک بہت بڑا مقام ہے۔ اگر انہوں نے اپنے مقام کو نہ سمجھا تو آئندہ کی نسلوں کے دین پر قائم رہنے کی کوئی ضمانت نہیں دی جا سکتی۔ اس لئے اپنے مقام کو سمجھیں ورنہ وہ اپنے خاوندوں سے بے وفائی کر رہی ہوں گی۔ اپنی اولادوں سے بے وفائی کر رہی ہوں گی اور سب سے بڑھ کر اپنے پیدا کرنے والے خدا سے بے وفائی کر رہی ہوں گی۔ اس لئے سب سے اہم اور ضروری بات ہر احمدی عورت کے لئے یہ ہے کہ وہ ہر وقت اپنی اصلاح کی کوشش کرتی رہے۔ اور اس کے لئے اپنے خدا کے حضور جھک کر اس سے مدد مانگے کہ وہ آپ کی بھی اصلاح کرے اور یہ بھی توفیق دے کہ اپنی نسلوں کو اپنے بچوں کو صحیح (۔) تعلیم دے سکیں۔ اس لئے عورتوں کو (۔) تعلیم کو اپنے بچوں میں منتقل کرنے کے لئے خود بھی دینی علم سیکھنا ہو گا۔ پھر آج کل کے ماحول میں بہت سی برائیاں ہیں، بے انتہاء اخلاقی برائیوں میں معاشرہ ملوث ہے۔ ایک احمدی عورت کا کام ہے کہ اس سے اپنے آپ کو بچائے اور اپنی نسلوں کو بھی بچائے ورنہ یاد رکھو تم سوال کی جاؤ گی۔ اور یاد رکھو کہ اللہ کی پکڑ سے ہمیشہ بچنا چاہئے۔ اگر تم اپنے آپ کو اور اپنی اولاد کو گند سے بچانے کی کوشش کرتی رہیں تو اللہ تمہیں جنت کی بشارت دیتا ہے۔

ایک روایت ہے، ''حضرت عبدالرحمٰن بن عوف بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ: **''جس عورت نے پانچوں وقت کی نماز پڑھی اور رمضان کے روزے رکھے اور اپنے آپ کو برے کام سے بچایا اور اپنے خاوند کی فرمانبرداری کی اور اس کا کہا مانا ایسی عورت کو اختیار ہے کہ جنت میں جس دروازہ سے چاہے داخل ہو جائے''۔** (مسند امام احمد بن حنبل)

اللہ کرے کہ ہر احمدی عورت اپنے خاوندوں کے حقوق ادا کرنے والی ہو۔ اپنے بچوں کے حقوق ادا کرنے والی بھی ہو اور ان کی صحیح تربیت کرنے والی ہو۔ ان کو نیک ماحول میں پروان چڑھانے والی ہو۔ اور اس طرح ابدی جنتوں کی وارث ٹھہرے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں بھی اور ہماری عورتوں کو بھی اور ہمارے بچوں کو بھی یہ توفیق دیتا چلا جائے کہ وہ ہمیشہ دین پر قائم رہنے والے ہوں ایک خدا کی عبادت کرنے والے ہوں۔ اعلیٰ اخلاق کا نمونہ دکھانے والے ہوں۔ اور اللہ تعالیٰ کی مخلوق سے ہمدردی کرنے والے ہوں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں ان تمام دعاؤں کا وارث بنائے جو حضرت اقدس مسیح موعود نے جلسہ پر آنے والوں کے لئے کی ہیں۔ اللہ تعالیٰ خیریت سے آپ لوگوں کو اپنے گھروں میں واپس لے جائے اور اپنے اپنے علاقوں میں آپ احمدیت یعنی حقیقی (۔) کے سفیر ہوں اور لوگ ہمیشہ آپ سے نیک نمونہ حاصل کریں۔ اللہ تعالیٰ اس ملک پر بھی اپنا فضل فرمائے اور ہر فتنہ و فساد سے ہمیشہ اسے محفوظ رکھے۔ وزیر اعظم اور صدر صاحب نے میرے ساتھ بڑی مہمان نوازی کا سلوک کیا اللہ تعالیٰ انہیں بھی جزا دے اور ان کو بے نفس ہو کر اپنے اور ملک کے عوام کی خدمت کرنے کی توفیق دے تا کہ یہ ملک دنیا کے ترقی یافتہ ملکوں میں شمار ہونے لگے۔ اور یاد رکھیں کہ احمدی کی دعائیں اگر نیک نیتی سے کی جائیں اور نیک نیتی سے ہی احمدی دعا کرتا ہے تو بڑی مقبول دعائیں ہوتی ہیں۔ اپنے ملک کے لئے بہت دعائیں کرتے رہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ سب کا حافظ و ناصر ہو۔

(الفضل انٹرنیشنل 30 جولائی 2004ء)

دفتر اول کے مجاہدین کے ورثاء توجہ فرمائیں

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے فرمایا۔

جس کا چندہ جاری ہے وہ کس طرح مر سکتا ہے؟ اس لئے دفتر اول کی ازسرنو ترتیب کرنی پڑے گی۔ میری خواہش ہے کہ یہ دفتر قیامت تک جاری رہے اور جو لوگ ایک دفعہ (۔) کی مثالی خدمت کر چکے ہیں ان کا نام قیامت تک نہ مٹنے پائے اور ان کی اولادیں ہمیشہ ان کی طرف سے چندے دیتی رہیں اور ایک بھی دن ایسا نہ آئے جب ہم یہ کہیں کہ اس دفتر کا ایک آدمی فوت ہو چکا ہے خدا کے نزدیک بھی وہ زندہ رہیں اور قربانیوں کے لحاظ سے بھی اس دنیا میں بھی ان کی زندگی کی علامتیں ہمیں نظر آتی رہیں۔

(الفضل مورخہ 2 دسمبر 1982ء)

دفتر اول کے مجاہدین کو کوڈ نمبر دیا گیا ہے۔

دفتر اول کے مجاہدین کے ورثا دفتر ہذا سے کوڈ نمبر دریافت کریں اور اس کے حوالے سے اپنے بزرگوں کے کھاتوں کو زندہ و جاوید رکھیں۔

(وکیل المال اول تحریک جدید)

نماز کا طریق اور اس کے آداب

مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ

نماز کی اہمیت و برکات کا اندازہ اس سے لگایا جاسکتا ہے کہ دین حق میں داخل ہونے کے بعد سب سے پہلا عمل جس کو بجالانے کا ہمیں حکم دیا گیا ہے وہ نماز ہے۔ اسی طرح پیدائش کے بعد بچے کو سب سے پہلے نماز کی طرف ترغیب دلانے کا حکم دیا گیا ہے۔ جس کیلئے پیدائش کے معاً بعد دائیں کان میں (نداء) اور بائیں کان میں اقامت کے الفاظ کہنے کا حکم ہے۔ پھر سات سال کی عمر میں بچے کو نماز پڑھنے کی ترغیب دلانے اور 10 سال کی عمر میں اس سلسلہ میں سختی تک کرنے کی اجازت ہے۔ پھر دن کا آغاز بھی نماز کے ساتھ اور اختتام بھی نماز کے ساتھ کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔

اسی طرح احادیث میں آیا ہے کہ قیامت کے روز انسان کے اعمال میں سب سے پہلے اس کے جس عمل کے بارہ میں محاسبہ ہوگا وہ نماز ہے۔ اگر اس کی نماز درست ہوئی تو اس کے دیگر تمام معاملات درست قرار پائیں گے اور اگر نماز درست نہ ہوئی تو باقی تمام معاملات بے کار ثابت ہوں گے۔

پس نماز کی اس اہمیت کے پیش نظر ضروری ہے کہ نماز کو اس کی تمام شرائط اور آداب کے ساتھ ادا کیا جائے۔ ہم دنیا میں کسی اہم شخصیت کے دربار میں حاضر ہوتے ہیں تو تمام ظاہری آداب کا خیال رکھتے ہیں۔ خداتعالیٰ جو کل عالم کا بادشاہ ہے اس کے حضور حاضری کے وقت اس کی ملاقات کے مقررہ آداب وشرائط کا بدرجہ اولیٰ لحاظ رکھنا ضروری ہے۔ لہٰذا اسی ضرورت کے تحت احباب جماعت کی تعلیم وتربیت کے پیش نظر ذیل میں نماز کی بنیادی شرائط اور بعض آداب کا ذکر کیا جارہا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں نماز کے تمام آداب اور شرائط کے ساتھ سنوار کر یہ فرض ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

وقت

نماز وقت مقررہ پر ادا کرنا مومن پر فرض کیا گیا ہے۔ باجماعت نماز کی ادائیگی ہمیں اسی امر کی طرف متوجہ کرتی ہے۔ ہر نماز کیلئے وقت کا ایک دورانیہ ہے جس میں حسب ضرورت نماز کی ادائیگی کی جاسکتی ہے۔

طہارت

نماز کی ادائیگی کیلئے پاکیزگی بنیاد کی حیثیت رکھتی ہے۔ نماز کی ادائیگی کیلئے پاک جسم، پاک کپڑے اور پاک جگہ لازمی شرط ہے۔ اگر ہم گندی اور پراگندہ حالت میں ایک معزز شخص تک کو ملنا پسند نہیں کرتے تو ایسی حالت میں اللہ کے حضور جانا کیونکر گوارا کرسکتے ہیں۔ نماز کو اسی فطری تقاضا کے ماتحت پاک حالت میں ادا کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ اس ظاہری صفائی کے علاوہ نماز پڑھنے کیلئے اگر غسل واجب ہے تو غسل کیا جائے۔ ورنہ وضو کیا جائے۔ حسب ہدایت اعضائے وضو کو ایک سے تین بار تک دھویا جاسکتا ہے۔

تیمّم

اگر انسان بیمار ہو اور پانی کا استعمال اس کیلئے مضر ہو یا پاک پانی میسر نہ ہو تو تیمّم کر لینے سے انسان پاک ہو جاتا ہے۔ جس کا طریق بسم اللہ پڑھ کر کسی ٹھوس چیز پر ہاتھ مارنا پھر ہاتھوں کو پہلے منہ پر پھیرنا اور پھر دونوں ہاتھوں پر پھیرنا۔

مناسب لباس

پاک صاف اور ستھرا لباس پہن کر انسان کو خدا کے دربار میں حاضر ہونا چاہیے۔ مرد کیلئے کم از کم ناف سے لے کر گھٹنوں تک کے جسم کی پردہ پوشی ضروری ہے۔ عورت نماز پڑھتے وقت بشرطیکہ وہاں کوئی نامحرم موجود نہ ہو، چہرہ، پہنچوں تک ہاتھ اور ٹخنوں تک پاؤں ننگے اور کھلے باہر رکھ سکتی ہے۔ جسم کا باقی حصہ پردہ میں اور ڈھکا ہوا ہونا چاہیے۔

عورتوں کیلئے باریک کپڑا جس سے جسم نظر آئے نماز پڑھتے وقت نہیں پہننا چاہیے۔ ایسا کپڑا عام حالات میں بھی نہیں پہننا چاہیے۔ اسی طرح تنگ اور چست لباس جس سے سجدہ کرنے یا بیٹھنے میں سخت دقت ہو ناپسندیدہ سمجھا گیا ہے۔ اسی طرح ننگے سر نماز پڑھنا یا سر پر تولیہ یا رومال ڈال لینا ناپسندیدہ ہے۔ یا چادر اس طرح پر اوڑھ لینا کہ ہاتھ اوپر اٹھاتے وقت ستر کے کھل جانے کا اندیشہ ہو اچھا نہیں سمجھا گیا۔ ہمیشہ ستر کے مقصد کو پورا کرنے والا باوقار اور سادہ لباس پہننا چاہیے۔

اگر کسی شخص کے کپڑے ناپاک ہوں، ان پر نجاست لگی ہو اور اس کے پاس بدلنے کیلئے دوسرا لباس نہ ہو اور نماز کا وقت آجائے تو انہی گندے کپڑوں کے ساتھ وہ نماز پڑھ سکتا ہے۔ کیونکہ کپڑوں کی پاکیزگی سے دل کی پاکیزگی بہرحال مقدم ہے۔ پس یہ کیسے جائز ہوسکتا ہے کہ کپڑوں کی ناپاکی کے خیال سے اپنے دل کو ناپاک کرلیا جائے اور اس بہانہ سے نماز ترک کردی جائے۔

قبلہ رُخ

نماز میں قبلہ کی طرف منہ کرنا ضروری ہے۔ جن لوگوں کو کعبہ کی عمارت نظر نہیں آتی، وہ دور ہیں یا دوسرے ممالک میں رہتے ہیں ان کا قبلہ کعبہ اور مسجد حرام کی جہت ہے۔

خوف کی حالت ہو یا انسان کسی ایسی سواری پر سفر کر رہا ہو جسے ٹھہرانا اس کے اپنے اختیار میں نہیں یا ایسا کرنا موجب حرج ہے اور چلتے ہوئے صحیح قبلہ کی جہت کا تعین خاصا مشکل ہے یا سفر ہوائی جہاز کا ہے، ایسی تمام صورتوں میں جدھر آسانی ہو اس طرف منہ کرکے نماز پڑھنا جائز ہے۔ یہی جہت اس کیلئے بمنزلہ قبلہ متصور ہوگی۔ اسی طرح اگر سواری میں بیٹھے بیٹھے قبلہ کی طرف منہ کرکے نماز شروع کردی اور سواری کے چلنے کی وجہ سے اس کا منہ کسی اور طرف ہوگیا تو اس سے اُس کی نماز کی صحت پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔

دراصل کعبہ کو قبلہ مقرر کرنے میں یہ حکمت ہے کہ نماز ایک مخصوص اجتماعی عبادت ہے۔ جس میں یک جہتی اور اتحادِ عمل کو خاص طور پر ملحوظ رکھا گیا ہے۔

نیت

صحت نماز کیلئے نیت ضروری ہے۔ نیت کے معنے ارادہ کے ہیں۔ نماز شروع کرتے وقت دل میں یہ ارادہ ہونا چاہیے کہ کس وقت کی اور کون سی نماز پڑھ رہا ہے۔ کیونکہ جس نماز کی نیت ہوگی وہی نماز اس کی ہوگی۔ نیت کا تعلق دل سے ہے۔ اس لئے دل میں یہ طے ہونا چاہیے کہ وہ کس وقت کی اور کتنی رکعت نماز شروع کرنے لگا ہے۔

رفع یدین

نیت کے بعد تکبیر تحریمہ کہتے ہوئے دونوں ہاتھ کانوں تک اُٹھانا آنحضرت ﷺ کی سنت سے ثابت ہے۔ ہاتھ اتنے اُونچے اٹھائے جائیں کہ انگوٹھے کانوں کی لَو کے برابر تک پہنچ جائیں۔ کانوں کو ہاتھ لگانا ضروری نہیں۔ ہتھیلیاں نیم قبلہ رُخ ہوں۔ انگلیاں نہ بہت کشادہ اور کھلی ہوئی ہوں اور نہ بالکل بند اور باہم ملی ہوئی ہوں۔ بلکہ عام طبعی حالت میں ہوں۔

ہاتھ باندھنا

تکبیر کے بعد ہاتھ سینہ کے نچلے حصہ پر باندھنا سنت ہے۔ دایاں ہاتھ اوپر، بایاں ہاتھ نیچے ہو۔ دائیں ہاتھ کی تین درمیانی انگلیاں بائیں کلائی پر ہوں اور انگوٹھے اور چھنگلی سے پہنچے کے قریب سے کلائی کو پکڑے ہوئے ہو۔

قیام

اگر کوئی شخص بیماری یا معذوری کی وجہ سے کھڑا نہ ہو سکے تو بیٹھ کر اور اگر بیٹھ نہ سکے تو لیٹ کر اشاروں سے نماز پڑھ سکتا ہے۔ لیٹنے کا طریق یہ ہو کہ چت لیٹ جائے یا دائیں پہلو پر لیٹے اور منہ قبلہ کی طرف ہو۔

رکوع

رکوع میں کمر اور سر برابر ایک سیدھ میں ہوں۔ ہاتھ سیدھے اور پہلو سے جدا رکھتے ہوئے گھٹنوں پر رکھے ہوں۔ انگلیوں سے ان کو پکڑے ہوئے ہو۔ اگر بیماری یا عذر کی وجہ سے پوری طرح رکوع نہ کرسکے تو سر کو حسب سہولت جھکانے سے رکوع ادا ہو جائے گا۔

قومہ

رکوع کے بعد پوری طرح پر سیدھے کھڑے ہونے، ہاتھ کھلے رکھنے اور کھڑے کھڑے رَبَّنَا وَلَکَ الْحَمْد کہنے کو قومہ کہتے ہیں۔

سجدہ

زمین پر پیشانی رکھنے کو سجدہ کہتے ہیں۔ سجدہ کرنے والا اپنے دونوں گھٹنے، دونوں ہاتھ، ناک اور پیشانی زمین پر رکھے۔ اسی طرح اس کے دونوں پاؤں بھی زمین سے لگے ہوئے ہوں۔ ہاتھ اور پاؤں کی انگلیاں قبلہ رُخ ہوں۔ چہرہ دونوں ہاتھوں کے درمیان ہو۔ کہنیاں زمین سے کسی قدر اُٹھی ہوئی ہوں اور بازو پہلوؤں سے الگ ہوں۔ پیٹ ران کے ساتھ لگا ہوا نہ ہو۔

سجدہ میں جاتے وقت اس ترتیب سے جھکنا کہ پہلے گھٹنے، پھر ہاتھ اور سجدہ سے اُٹھتے وقت اس کے اُلٹ یعنی پہلے ہاتھ اور گھٹنے بغیر ہاتھ یا کسی اور چیز کا سہارا لئے سیدھے زمین سے کھڑے ہو جانا۔ اگر بیماری یا عذر کی وجہ سے اس طرح پر سجدہ نہ کرسکے تو جتنا ہو سکے اتنے سر کو جھکا دینے سے سجدہ ادا ہو جائے گا۔

جلسہ

پہلے سجدہ کے بعد تکبیر کہتے ہوئے اُٹھ کر بیٹھنے کو جلسہ کہتے ہیں۔ بیٹھنے کا طریق یہ ہے کہ بایاں پاؤں بچھا کر اُس پر بیٹھے اور دایاں پاؤں کھڑا اس طرح پر رکھے کہ اس کی انگلیاں قبلہ رُخ ہوں۔ دونوں ہاتھ رانوں پر گھٹنوں کے قریب ہوں۔ ہاتھوں کی انگلیاں بھی عام طبعی حالت میں ہوں۔ نہ بہت کشادہ، نہ بہت بند اور سیدھی قبلہ رُخ ہوں۔ اگر بوجہ بیماری یا معذوری کوئی اس طرح نہ بیٹھ سکے تو دونوں پاؤں بچھا کر یا کھڑے کرکے یا چوکڑی مار کر یا پاؤں آگے کرکے جیسے بھی سہولت ہو بیٹھ سکتا ہے۔ کچھ لمبے اس طرح بیٹھنے کے بعد دوسرا سجدہ کیا جائے۔

رکعت

قیام، قراءت، رکوع، قومہ اور دونوں سجدوں کے مجموعہ کو رکعت کہتے ہیں۔ کوئی نماز دو رکعتوں سے کم نہیں ہوتی۔ سوائے وتر کی رکعت کے۔

درمیانی قعدہ

اگر نماز تین یا چار رکعت کی ہو تو دو رکعتیں پڑھنے کے بعد اس طرح بیٹھنا چاہئے جیسے جلسہ یعنی دو سجدوں کے درمیان بیٹھنے میں بیان ہوا ہے۔ درمیانی قعدہ کہلاتا ہے۔ درمیانی قعدہ میں صرف تشہد تک پڑھ سکتے ہیں۔ اس کے بعد نمازی تکبیر کہتے ہوئے تیسری رکعت پڑھنے کیلئے کھڑا ہو جائے۔

اشارہ

تشہد پڑھتے ہوئے جب شہادت توحید کے مقام پر پہنچے تو لا الہ کہتے ہوئے انگلی اٹھائے اور الا اللہ کہہ چکنے کے بعد انگلی رکھ دے۔ اس کا ایک طریق جو سنت کے مطابق ہے یہ ہے کہ انگلی اٹھاتے وقت انگوٹھے اور درمیانی انگلی کا حلقہ بنائے اور چھنگلی اور اس کے ساتھ کی انگلی کو بھی موڑے جیسے گرہ بنائی جاتی ہے اور اس کے ساتھ ہی شہادت کی انگلی مذکورہ الفاظ کی ادائیگی کرتے ہوئے اٹھائے اور رکھے۔ یہ گویا اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کا زبانی اقرار کے ساتھ عملی گواہ بنتا ہے۔

آخری قعدہ

نماز کی ساری رکعتیں پڑھنے کے بعد آخر میں اُسی طرح پر جس کا ذکر جلسہ یعنی دو سجدوں کے درمیان بیٹھنا میں ہو چکا ہے، کے مطابق بیٹھنا آخری قعدہ کہلاتا ہے۔ اس قعدہ میں تشہد کے علاوہ درود شریف اور مسنون دعائیں بھی پڑھی جاتی ہیں۔

سلام پھیرنا

نماز مکمل ہونے پر سلام پھیرتے ہیں۔ جس میں نیت یہ ہونی چاہیے کہ جو انسان اور فرشتے میری دائیں طرف ہیں ان کو سلام ہو اور جو بائیں طرف ہیں ان کو بھی سلام ہو۔ گویا نمازی پہلے اللہ تعالیٰ کے دربار میں گیا ہوا تھا اور اب وہاں سے باہر نکل کر اپنے ملنے والوں کے پاس آیا ہے اور ان کو سلام کہتا ہے۔

سلام پھیرنے کے بعد مسنون دعاؤں کا ورد

نماز سے فارغ ہونے کے بعد تھوڑی دیر کیلئے دعا اور ذکر الٰہی میں مشغول رہنا موجب ثواب ہے۔

الدین یُسر

ہمارا دین ہمارے لئے آسانی چاہتا ہے۔ کسی کو تکلیف میں ڈالنا مذہب کی غرض ہرگز نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ نماز کے سلسلہ میں بھی ہمارے لئے درج ذیل سہولتیں رکھ دی گئی ہیں۔

1۔ اگر کسی بیماری یا تکلیف کی وجہ سے کھڑے ہو کر نماز پڑھنا ممکن نہ ہو تو بیٹھ کر اور اگر بیٹھ کر نماز پڑھنا ممکن نہ ہو تو لیٹ کر اشاروں کی مدد سے بھی نماز ادا کی جا سکتی ہے۔

2۔ جمع صلوٰتین

کسی دینی اجتماع یا مصروفیت کی وجہ سے نیز موسم کی خرابی، سفر یا بیماری کی صورت میں نماز ظہر عصر کے ساتھ اور مغرب عشاء کے ساتھ جمع کر کے بھی ادا کی جا سکتی ہیں۔ نمازیں جمع کرنے کی صورت میں صرف وتر پڑھے جاتے ہیں سنتیں معاف ہو جاتی ہیں۔

3۔ نماز قصر

سفر کی حالت میں نماز جمع کرنے کے علاوہ قصر کرنا جائز ہے۔ قصر کرنے کی صورت میں نماز چار فرضوں کی بجائے صرف دو فرائض پڑھنے کافی ہیں۔ نماز قصر کرنے کی صورت میں نماز عشاء کے تین وتروں کے علاوہ سنتیں معاف ہو جاتی ہیں۔

4۔ نمازی کے آگے سے گزرنا:

